فوری ریلیز کے لیے: 22/10/2022 ***گورنر KATHY HOCHUL***

گورنر HOCHUL اور میئر ADAMS نے جاری ریاستی اور شہری اشتراک کی بنیاد پر، سب ویز کو محفوظ رکھنے اور ٹرانزٹ جرائم کی روک تھام کے لیے اہم کارروائیاں کرنے کا اعلان کیا ہے

NYPD اور MTA پولیس پلیٹ فارمز اور ٹرینوں میں روزانہ تقریباً 1,200 اوورٹائم شفٹوں کے ذریعے افسران کی موجودگی میں اضافہ کریں گے - یہ افسران پُربجوم اوقات میں 300 سے زائد سٹیشنوں پر موجود رہیں گے

نفسیاتی امراض کے مراکز میں نئے، سرگرم یونٹس شدید ذہنی مرض کی شکار سٹریٹ اور سب وے کی بےگھر آبادی کے مسائل کو حل کریں گے

بےگھر آبادی، نفسیاتی معائنے کے ضرورت مند افراد کی نقل و حمل کے محکمے کو مشغول رکھنے کے لیے بہترین کارروائیوں کے حوالے سے MTA پولیس، *EMS/EMT* NYPD کے لیے نئی ٹریننگ

نیویارک کی گورنر Kathy Hochul اور نیویارک شہر کے میئر Eric Adams نے آج نیویارک شہر کے سب ویز کو محفوظ رکھنے اور ٹرانزٹ جرائم پر قابو پانے کے لیے توسیعی اقدامات کا اعلان کیا ہے۔ ان اقدامات میں ریاست کے عوامی ہنگامی فنڈ سے بڑی سرمایہ کاری سمیت سب وے سسٹم میں اضافی پولیس کی موجودگی میں معاونت کے لیے محاصل کے ایک سرگرم ذریعے پر شہر کے ساتھ مل کر کام کرنے کا عزم شامل ہے۔ *NYPD اور MTA سب وے میں پلیٹ فارمز پر روزانہ تقریباً 1,200 اضافی اوورٹائم افسران کی شفٹوں کے ذریعے افسران کی موجودگی میں اضافہ کریں گے* — جو کہ روزانہ تقریباً 10,000 کے قریب اضافی اوورٹائم گشت کے اوقات کے برابر ہوں گے — اس کے علاوہ ذہنی صحت کے سنگین مرض میں مبتلا افراد کو درکار معاونت فراہم کرنے میں مدد دینے کے لیے نفسیاتی امراض کے مراکز پر دو نئے سرگرم یونٹس بھی شامل کیے جائیں گے۔

"بطور گورنر میری اوّلین ترجیح نیویارک کے باشندوں کو گلیوں، ان کے گھروں، ان کے سکولوں، اور سب وے کے اندر محفوظ رکھنا ہے، اور اپنے سب ویز کو مسافروں لیے محفوظ بنانے کے لیے جو کچھ بھی ممکن ہوا، ہم وہ کریں گے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "پولیس کے جوانوں، کیمروں، اور نگرانی کی ہماری وسیع تر سب وے حفاظتی حکمتِ عملی کے تحت سب وے جرائم کی روک تھام کے لیے سخت کارروائیاں کی جائیں گی، بےگھر افرد کو اس سسٹم سے نکلنے کے لیے درکار معاونت کے حصول میں ان کی مدد کی جائے گی، اور مسافروں کے خدشات کو ختم کیا جائے گا تاکہ نیویارک کے باشندوں کے لیے سب وے کے پورے نظام کے اندر تحفظ کے احساس کو یقینی بنایا جا سکے۔ شہر کے ساتھ ہمارے جاری اشتراک کی بنیاد پر، ہم میئر اور NYPD کے ساتھ شانہ بشانہ کام جاری رکھیں گے تاکہ نیویارک کے باشندوں کو وہ تحفظ اور سلامتی فراہم کی جا سکے، جس کے وہ مستحق ہیں۔"

***نیویارک شہر کے میئر* Eric Adams نے کہا،** "اس کوشش سے دو ایسی چیزوں میں مدد ملے گی جن کی نیویارک کے باشندوں کو اشد ضرورت ہے: ہمارے ٹرینوں میں حکمتِ عملی کے ساتھ تعینات کردہ سینکڑوں اضافی افسران کا اضافہ اور ذہنی صحت کے شدید مرض میں مبتلا افراد کو مدد دینا تاکہ انہیں سب وے سسٹم سے نکلنے کا راستہ مل سکے۔ ہمیں تحفظ کے تصور اور اس کی حقیقت دونوں کا حل ڈھونڈنا ہو گا، اور آج کے دن ہماری جانب سے گورنر Hochul کے ساتھ جس وسیع تر شراکت داری کا اعلان کیا جا رہا ہے اس سے بالکل یہی کام انجام پائے گا، جبکہ ہمارے سب وے حفاظتی منصوبے کی کامیابیوں پر کام کیا جائے گا۔ بنیادی چیز یہ ہے کہ مسافر اور قانون شکنی کا

ارادہ رکھنے والے لوگ سسٹم میں مزید افسران کو دیکھیں گے۔ نیویارک کے تمام باشندوں کی طرف سے، ہم اس ریاستی سرمایہ کاری کے لیے مشکور ہیں جس سے ہمارے سبویز مزید محفوظ ہوں گے۔"

میئر Adams کی جانب سے ان کے جاری کردہ سبوے حفاظتی منصوبے کے بعد سے گزشتہ آٹھ ماہ کے دوران کی جانے والی پیش رفت کی بنیاد پر میٹروپولیٹن ٹرانسپورٹیشن اتھارٹی (Metropolitan Transportation Authority, MTA) کا پولیس کا محکمہ اور نیویارک سٹی پولیس ڈپارٹمنٹ (New York City Police Department, NYPD) اس سلسلے میں خاص طور پر مل کر کام کریں گے کہ پورے سسٹم کے اندر مزید افسران کو حکمتِ عملی کے ساتھ تعینات کیا جائے اور پلیٹ فارمز پر اور ٹرینوں میں ان کی موجودگی میں اضافہ کیا جائے۔

MTA پولیس سب وے سسٹم کے اندر چار بڑے مسافروں ریل روڈ ہبز — یعنی Penn سٹیشن، گرینڈ سینٹرل سٹیشن، ایٹلانٹک ٹرمینل، اور سٹفن آرچر (جمائیکا) سٹیشن پر تعینات کی جائے گی۔ اس کارروائی کے نتیجے میں غیر محتاط اندازے کے مطابق 100 NYPD افسران ٹرینوں میں اور سٹیشنز پر منتقلی کے دیگر ترجیحی مقامات پر تعیناتیوں کے لیے دستیاب ہو جائیں گے — یوں مسافروں اور جرائم کے ارتکاب کی کوشش کرنے والے افراد کو ٹرانزٹ سسٹم کے اندر ہر جگہ یہ افسران نظر آئیں گے۔

مزید برآں، MTA حفاظتی کوریج میں اضافے اور مسافروں کے اعتماد میں اضافے کی خاطر ہر سب وے کار کے اندر کیمروں کی تنصیب کا عمل جاری رکھے گی، نیز ٹرین کنڈکٹرز مسافروں کو پولیس افسران کی موجودگی کے حامل سٹیشن میں داخل ہوتے وقت بذریعۂ اعلان آگاہ کریں گے۔

سب وے سسٹم میں پناہ لینے والے بےگھر افراد اور شدید ذہنی مرض میں مبتلا افراد کے مسائل کے حل کو جاری رکھنے کے لیے، اور اس کے علاوہ گورنر Hochul کی جانب سے محفوظ اختیارات کی معاونت کے بحران کی مداخلتی ٹیموں کی تعیناتی کے بعد سے کی جانے والی پیش رفت کی بنیاد پر، گورنر Hochul نے ریاست نیویارک کے ذہنی صحت کے دفتر (Office of Mental Health, OMH) کو کُل 50 اندرون مریضاں بیڈز کے لیے 25 بستروں پر مشتمل دو نئے، سرگرم یونٹس کے قیام کی ہدایت جاری کی ہے۔

اس کے علاوہ، OMH کی جانب سے MTA پولیس، NYPD، اور EMS/EMT کے لیے بحرانی مداخلتی ٹریننگ میں توسیع کی جائے گی، جس میں انہیں بےگھر افراد کو مشغول رکھنے اور اس بات کو یقینی بنانے کے بہترین طریقے سکھائے جائیں گے کہ وہ نفسیاتی جائزے کی ضرورت رکھنے والے افراد کی نقل و حمل کے لیے آئینی اختیار سے مکمل طور پر واقف ہوں۔ یہ توسیعی اقدامات سب وے حفاظت اور بےگھر افراد تک رسائی کے حوالے سے ریاست اور شہر کے درمیان جاری شراکت داری کو آگے لے جاتے ہیں۔ گورنر Hochul اور میئر Adams نے ایسے استحکام بخش اور تقویتی قوانین دریافت کرنے کی بھی ضمانت دی جن سے ذہنی صحت کے شدید مرض میں مبتلا افراد کو مدد ملتی ہے۔

MTA **کے صدر اور CEO Janno Lieber نے کہا،** "آج کا اعلان ہمارے سب وے سسٹم کی حفاظت کو یقینی بنانے کے حوالے سے شہر اور ریاست کے درمیان شراکت داری کی طفیل ممکن ہوا ہے۔ یومِ مزدور کے بعد سے سب وے مسافروں کی تعداد میں اضافہ ہوا ہے، اور ہم باوردی افسران کی تعیناتی، ہر سب وے کار میں نصب شدہ کیمروں، اور معیارِ زندگی کے مسائل میں مزید پیش رفت کے ذریعے مسافروں کا اعتماد بڑھانے پر توجہ مرکوز کیے ہوئے ہیں۔ گورنر Hochul اور میئر Adams کی قیادت اور سبوے کے حوالے سے ان کے پُرعزم ہونے پر MTA ان کی شکرگزار ہے۔"

نیویارک شہر کے پولیس محکمے کی کمشنر Keechant L. Sewell کا کہنا تھا کہ، "NYPD اور MTA کو ہمارے سب وے ٹرینوں اور سٹیشنوں کو استعمال کرنے والے تمام افراد کو محفوظ رکھنے کے لیے جاری کام کے حوالے سے شراکت داری پر فخر ہے۔ بےمثال شراکت داری، پولیس کی ہر جگہ موجودگی، اور سفر کرنے والی عوام کے ساتھ پیش فعال مواصلات کو بروئے کار لانے سے، ہم محفوظ تر ٹرانزٹ سسٹم — اور شہر کو مزید محفوظ بنانے کو یقینی بنانے کی اپنی صلاحیت کو پختہ کریں گے۔"

ذہنی صحت کے دفتر کی کمشنر Dr. Ann Sullivan نے کہا، "نیویارک کے ذہنی مرض میں مبتلا انتہائی زدپذیر افراد کی معاونت کے لیے گورنر Hochul کی تدبیر سے، OMH نیویارک کے بےگھر باشندوں کی مدد کے لیے دو انتہائی اہم اقدامات شروع کر رہا ہے۔ ہوم اندرون مریضان کے یونٹس میں منتقلی کمیونٹی کے اندر ایک باسہولت زندگی کے حصول کے ہدف کی جانب افراد کو بحالی کی جانب گامزن، فرد پر مرتکز نگہداشت فراہم کریں گے۔ علاوہ ازیں، کمیونٹی کا ایک نیا رہائشی سٹیپ ڈاؤن پروگرام (*Community Residential Step-Down Program*) بھی ان افراد کے لیے دستیاب ہو گا جنہیں کمیونٹی کو دوبارہ مستحکم کرنے میں مزید ساخت اور معاونت کی ضرورت ہوتی ہے۔ یہ نیم آزاد، قلیل مدتی ہاؤسنگ پر مشتمل ہو گا، جس میں بحالی کی کثیر خدمات شامل ہوں گی جو کہ ایک مزید خودمختار ترتیب کے اندر کامیابی سے زندگی گزارنے کے لیے درکار زندگی کے ہنر سکھانے کے لیے ترتیب دی گئی ہیں۔ یہ نئے پروگرام محفوظ اختیارات کی معاونتی ٹیموں (Safe Options Support Teams) سے استفادہ کریں گے جو کہ پہلے ہی ذہنی مرض میں مبتلا بےگھر افراد کے ساتھ سرگرم طور پر مصروفِ عمل رہے ہیں۔"

MTA پولیس اور NYPD افسران کی تعداد میں اضافہ
MTA کا پولیس محکمہ اور NYPD پلیٹ فارمز اور ٹرینوں میں مزید افسران کی حکمتِ عملی کے ساتھ تعیناتی اور ان کی موجودگی میں اضافہ کرنے کے لیے مل کر کام کریں گے، جبکہ MTA پولیس کی یہ بنیادی ذمہ داری ہو گی کہ وہ چار بڑے مسافر ریل کے ہبز کے ساتھ ملحقہ اور مربوط سبوے سٹیشنز پر افسران کی پلٹونز تعینات کر کے پولیس نفری بہم پہنچائے — جو 7/24 مستقل موجود رہیں — جبکہ NYPD کو پورے سب وے سسٹم کے اندر اضافی سٹیشنز پر کوریج بڑھانے میں مدد دے۔ MTA پولیس محکمے کی فی روز 60 افسران کی کوریج 90 اضافی NYPD افسران کے برابر ہے کیونکہ محکموں کے درمیان شفٹوں کے دورانیوں کی طوالت مختلف ہوتی ہے۔

NYPD کی اس اضافی موجودگی اور اضافی معاونت کے ساتھ، NYPD ٹرانزٹ سسٹم میں ہر روز تقریباً 1,200 اوورٹائم شفٹوں، یا تقریباً 10,000 اوورٹائم اوقات کار کے ذریعے پولیس کی تعداد میں بڑی حد تک اضافہ ہو گا۔ نیویارک کے باشندگان افسران کو پُرہجوم اوقات میں کم از کم 300 سٹیشنز پر توسیعی دورے کر کے پلیٹ فارمز کو کوَر کرتے ہوئے دیکھیں گے۔ افسران کی تعداد میں یہ اضافہ پُرہجوم اوقات کے دوران سرگرم ٹرانزٹ افسران کو فی روز سینکڑوں اضافی ٹرینیں چلانے میں بھی مدد دے گا۔ چوگوشیا دروازوں میں بھی بڑی تعداد میں افسران موجود ہوں گے جو قانون نافذ کریں گے اور کرائے سے بچ نکلنے کے عملوں کی روک تھام کریں گے۔ اس کے ساتھ، سب وے پر افسران کی ہر جگہ موجودگی سے عوامی تحفظ میں اضافہ کرنے اور جرائم کا ارتکاب کرنے کا ارادہ رکھنے والوں کو روکنے میں مدد ملے گی۔

MTA بعض سب وے سٹیشنز پر حفاظت میں اضافہ کرنے کی خاطر سکیورٹی گارڈز (گیٹ گارڈز) کو بھی تعینات کرے گی، جو قانون کے نفاذ، اور کرائے سے بچ نکلنے کے عملوں کی روک تھام کی خاطر "آنکھوں اور کانوں" جیسی ہوشیاری سے کام انجام دیں گے۔

OMH کے نئے ٹرانزیشن ٹو ہوم یونٹس
گورنر Hochul نے OMH کو دو نئے ٹرانزیشن ٹو ہوم (Transition to Home Units, THU) یونٹس کے آغاز کی ہدایت جاری کی ہے، جو کہ شدید ذہنی امراض میں مبتلا سٹریٹ اور سبوے کے بےگھر مریضوں اور لاچار کمیونٹی سے وابستہ ان افراد کے لیے ایک نیا معالجاتی پروگرام ہے، جو ذہنی کیفیات کی ادویہ جاتی نگہداشت کے لیے OMH بحالی کے مرکز میں بحالی کی سمت میں، فرد پر مرتکز نگہداشت سے مستفید ہوں گے۔

اس نئے پروگرام میں 25 بستروں پر مشتمل دو نئے اندرون مریضان یونٹس شامل ہوں گے ، جن میں پہلا 1 نومبر تک مینہیٹن سائیکاٹرک سینٹر (Manhattan Psychiatric Center, MPC) میں شروع ہو گا۔ OMH دور افتادہ نفسیاتی امراض کے ہسپتالوں میں گنجائش کا جائزہ لے رہا ہے اور یہ اگلے سال کے اوائل تک دوسرے یونٹ کا آغاز کرے گا۔ دونوں یونٹس شدید ذہنی صحت کے امراض میں مبتلا 18 سال یا اس سے زائد عمر کے ایسے افراد کو خدمات فراہم کریں گے جو بےگھر ہوں، اور MPC ریفر کرنے والے ہسپتالوں کے ساتھ شراکت داری کرے گا تاکہ ان مریضوں کو داخلہ فراہم کیا جا سکے جن کی حالت کو طبی طور پر مستحکم کرنے کی ضرورت ہو۔ THUs نیویارک شہر کے ہسپتالوں اور ان کے جامع سائیکاٹرک ایمرجنسی پروگراموں (Comprehensive Psychiatric

Emergency Programs, CPEP) سے محدود تعداد میں ریفرلز منظور کریں گے اور ریفر کرنے والے سہولتی مراکز کی تعداد میں اضافہ کریں گے۔

THUs کا عملہ کثیر شعبہ جاتی ماہر ڈاکٹروں، نرسوں، سماجی کارکنوں، پیشہ ورانہ تھیراپسٹس کی ٹیم، اور دیگر کلینکل اور غیر کلینکل عملہ ہو گا اور یہ بحالی پر مرتکز علاج فراہم کریں گے۔ THUs کے لیے پروگرام کے مطابق ماڈل میں طرزِ زندگی کے نظم کی ایسی مہارتوں پر انتہائی توجہ مرکوز کرنا شامل ہو گا جو کمیونٹی میں دوبارہ واپس جانے کے عمل میں آسانی پیدا کرنے میں مدد دیں، عملی مہارتیں حاصل کرنے والے افراد کی معاونت کرنا، اور ذہنی صحت کی نگہداشت سے وابستگی میں اضافے کے لیے OMH کے اندر اور اس سے باہر کی ایجنسیوں کے ساتھ مل کر کام کرنا شامل ہو گا۔

کمیونٹی میں واپس آنے کے لیے THU مریضوں کے لیے نگہداشتی منصوبہ بندی کی منتقلی کے عمل میں ان خدمات کا انفرادی جائزہ شامل ہو گا جو کمیونٹی میں استحکام کے فروغ کے لیے درکار ہوں۔ کمیونٹی میں کامیاب طور پر ضم ہونے کے عمل میں معاونت کے لیے خدمات کا ایک سلسلہ دستیاب ہو گا۔

اس نئے اقدام کے جزو کے طور پر، OMH کمیونٹی کا رہائشی سٹیپ ڈاؤن پروگرام تشکیل دے گا تاکہ ان افراد کے لیے منتقلی کی جگہ فراہم کی جائے جنہیں براہِ راست THUs سے ڈسچارج کیا جا رہا ہو۔ اس قلیل مدتی رہائشی پروگرام میں چاروں مقامات سے کُل 60 منتقلی کے بیڈز کے لیے 15 یونٹس شامل ہوں گے اور یہ خدمت وصول کنندگان کو مزید خودمختار ہاؤسنگ ترتیب میں منتقل ہونے کے لیے درکار مہارتوں کے حصول کا موقع فراہم کرے گا۔ طویل مدتی کامیابی کو یقینی بنانے کے لیے افراد کو حصولیابی کی مراعات میں بھی معاونت دی جائے گی۔

سٹیپ ڈاؤن پروگرام کے اندر افراد محفوظ اختیارات کی معاونت، کمیونٹی کی ذہنی صحت کی خدمت کی فراہمی، اور کثیر متحرک معالجاتی ٹیموں سے مربوط کیے جائیں گے تاکہ ان کے کمیونٹی میں دوبارہ منتقل ہونے اور 120 دن یا اس سے کم وقت میں مستقل معاونت پذیر رہائش میں منتقلی کے عمل میں معاونت دی جا سکے۔

قانون کے نفاذ اور ابتدائی ردعمل کاران کے لیے بہتر تربیت
OMH بحرانی مداخلت کی بنیادی مہارتوں کی تربیت میں قانون کے نفاذ کاران اور ابتدائی ردعمل کاران کے لیے تربیت پیش کرتا ہے۔ ریاست اس تربیتی عمل کو MTA پولیس، NYPD، اور EMS/EMT کو ہسپتالوں اور CPEPs میں نفسیاتی معائنے کے ضرورت مند افراد کی نقل و حمل کے لیے آئینی اختیار سے آگاہ کرنے کے لیے توسیع دے گی۔ اس تربیت میں ذہنی صحت کے مرض میں مبتلا سٹریٹ آبادی کو مشغول رکھنے کے لیے بہترین طریقہ ہائے کار بھی شامل کیے جائیں گے۔

کنڈکٹر کی جانب سے پولیس کی موجودگی کے حوالے سے اعلانات
سب وے پر کیے جانے والے اعلانات MTA اور NYPD کے استعمال کا ایک اور ذریعہ ہیں تاکہ جرائم کی مل کر روک تھام کی جا سکے اور ان صارفین کی معاونت کی جا سکے جو قانون کے نفاذ کے متقاضی ہوں۔ سٹیشنز اور پلیٹ فارمز پر موجود ہوتے وقت — پولیس کی دستیابی سے متعلق عوامی آگہی میں اضافے کے لیے — افسران اپنی موجودگی سے متعلق اعلان کروانے کے لیے ٹرین کنڈکٹرز سے رابطہ کریں گے۔

سب وے کیمروں کی تنصیب
جرائم کے مرتکبین کی شناخت کروانے اور انہیں انصاف کے کٹہرے میں لانے کے لیے MTA سسٹم کے اندر کیمروں نے اپنی قابلِ قدر حیثیت کو ثابت کیا ہے۔ اس وقت تک، جیسا کہ حال میں گورنر Hochul نے اعلان کیا، MTA کیمرہ کوریج کو 6,500 سے زائد سب وے کارز کے اندر تک توسیع دے رہی ہے، جس میں فی مہینہ 750 کی شرح سے سب وے کارز کے اندر کیمروں کی تنصیب شامل ہو گی، جس کے بعد حصولیابی کے عمل کی تکمیل ہو گی، تاوقتیکہ 2024 کے اواخر میں سبوے کار کے تمام تر کار بیڑوں میں کیمروں کی تنصیب ہو جائے۔ اس سے قبل، فی الوقت تصرف میں موجود 100 کیمرے تمام سب وے کارز کے اندر آئندہ دنوں میں نصب کیے جائیں گے۔ MTA اور NYPD سب وے سسٹم میں کیمروں تک فوری رسائی کو یقینی بنانے کے لیے شانہ بشانہ کام کو جاری رکھے ہوئے ہیں۔

محفوظ اختیارات کی معاونتی ٹیمیں (Safe Options Support Teams)
اس سال کے شروع میں، گورنر Hochul اور میئر Adams نے اعلان کیا کہ OMH محفوظ اختیارات میں معاونت (Safe Options Support, SOS) کی ٹیموں کا آغاز کرے گا اور انہیں نیویارک شہر میں تعینات کرے گا۔ SOS کی ٹیمیں ذہنی صحت کے ایسے تربیت یافتہ ماہرین پر مشتمل ہیں جو نیویارک شہر کے زیرِ عمل رسائی کی ٹیموں کے ساتھ رابطے میں رہتے ہیں تاکہ سڑکوں پر موجود عرصہ دراز کے بےگھر افراد کے ساتھ مشغول ہوں اور ان کی معاونت کر سکیں۔ یہ ٹیمیں افراد کو اہم معاونتی خدمات سے مربوط کرتی ہیں اور ہنگامی یا معاونتی رہائشی پروگراموں میں جگہ پانے میں مدد فراہم کرتی ہیں۔ اپریل میں فعال ہونے کے بعد سے، مذکورہ ٹیمیں 410 افراد کا ایسی خدمات میں اندراج کروا چکی ہیں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418